# اسلامی اخلاق

**ولا تعتدوا**
حد سے تجاوز نہ کرو۔

**ولا تعثوا في الأرض مفسدين**
زمین میں فساد نہ مچاؤ۔

**ولا تلبسوا الحق بالباطل**
حق اور باطل کو آپس میں گڈمڈ نہ کرو۔

**ولا تقف ما ليس لك به علم**
جس کا علم نہ ہو اس کے پیچھے نہ پڑو۔

**ولا تمش في الأرض مرحا**
زمین میں اکڑ کر نہ چلو۔

**ولا تصعر خدك للناس**
(تکبر کا اظہار کرتے ہوئے) لوگوں سے اپنے چہرے کو نہ پھیرو۔

**واخفض جناحك للمؤمنين**
مومنوں کے لیے نرم پہلو اختیار کریں۔

**واغضض من صوتك**
اپنی آواز پست رکھو۔

**واقصد في مشيك**
اپنی چال میں میانہ روی اختیار کرو۔

**وأعرض عن الجاهلين**
نادانوں سے رو گردانی کریں۔

**خذ العفو وأمر بالعرف**
عفو و درگزر سے کام لیں اور بھلی باتوں کا حکم دیں۔

**ادفع بالتي هي أحسن**
اچھے انداز میں معاملات کا تصفیہ کریں۔

**ادع إلى سبيل ربك بالحكمة**
اپنے رب کے راستے کی طرف حکمت و دانائی سے بلائیں۔

**لا تبطلوا صدقاتكم بالمن والأذى**
اپنے صدقہ و خیرات کو احسان جتلا کر اور تکلیف دے کر ضائع نہ کرو۔

**ولا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل**
ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھایا کرو۔

**ولا تنابزوا بالألقاب**
ایک دوسرے کو برے القاب سے نہ یاد کرو۔

**لا يسخر قوم من قوم**
کوئی قوم کسی قوم کا مذاق نہ اڑائے۔

**ولا يغتب بعضكم بعضا**
تم میں سے کوئی کسی کی غیبت نہ کرے۔

**ولا تجسسوا**
ٹوہ میں نہ لگے رہا کرو۔

**اجتنبوا كثيرا من الظن**
بہت زیادہ گمان پالنے سے بچو۔

**ادخلوا في السلم كافة**
دین اسلام میں پورے طور پر داخل ہو جاؤ۔

**وإذا حييتم بتحية فحيوا بأحسن منها**
جب تمہیں سلام کیا جائے تو تم اس سے بہتر انداز میں اس سلام کا جواب دو۔

**وبالوالدين إحسانا وذي القربى واليتامى**
والدین، قرابت داروں اور یتیموں سے نیک سلوک کرو۔

**وأطعموا البائس الفقير**
پریشان حال محتاج کو کھانا کھلاؤ۔

**ولا تتبدلوا الخبيث بالطيب**
اچھی پاکیزہ چیزوں کو بری خبیث چیزوں سے نہ بدلو۔

**وآتوا اليتامى أموالهم**
یتیموں کو (بلوغت کے بعد) ان کا مال لوٹا دو۔

**أنفقوا مما رزقناكم**
ہم نے تمہیں جو روزی دی ہے اس میں سے خرچ کرو۔

**وقولوا قولا سديدا**
درست بات بولو۔

**وقولوا للناس حسنا**
لوگوں کے ساتھ اچھی بات کرو۔

**واحفظوا أيمانكم**
اپنی قسموں کی حفاظت کرو۔

**ولا تعاونوا على الإثم والعدوان**
گناہ اور زیادتی کے کاموں میں ایک دوسرے کا ساتھ نہ دو۔

**وتعاونوا على البر والتقوى**
نیکی اور تقویٰ کے کاموں میں آپس میں تعاون کرو۔

**وأوفوا بعهد الله إذا عاهدتم**
جب اللہ سے عہد و پیمان کرو تو اسے پورا کرو

**وأوفوا الكيل إذا كلتم**
جب تولو تو (بغیر کمی بیشی کے) پورا تولو۔

**وزنوا بالقسطاس المستقيم**
درست ترازو سے وزن کرو۔

**كونوا قوامين بالقسط**
انصاف پر قائم رہنے والے بنو۔

**اعدلوا**
عدل و انصاف سے کام لو۔